# نوٹس برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ عسکری لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ کے حصص کنندگان کا تینتیسواں سالانہ اجلاس عام بروز بدھ، ۲۹ اپریل، ۲۰۲۶ء کو دوپہر ڈیڑھ بجے، بلولگون ریسٹورنٹ، آف دی مال، مسعود اختر کیانی روڈ، صدر، منعقد کیا جائے گا۔

اجلاس مذکور ذیل کاروبار انجام دینے کے لئے منعقد ہوگا:

عمومی کاروبار:

ا۔ ۲۸ اپریل ۲۰۲۵ء کو منعقدہ بتیسویں سالانہ اجلاسِ عام کے منٹس کی تصدیق؛

۔ ۲ ۳۱ دسمبر ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے سال اور اس میں آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس کے ساتھ کمپنی کے مالیاتی گوشواروں کی وصولی، ان پر غور اور انکو اختیار کرنا؛

سالانہ رپورٹ درج ذیل کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے دستیاب ہے:

https:/askarilife.com/financial-statements?lang

۔ ۳۱ دسمبر ۲۰۲۶ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے خارجی آڈیٹرز اور شریعہ آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی – چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہل ہونے کے باعث، کمپنی کے قانونی آڈیٹرز اور شریعت آڈیٹرز دوبارہ تقرری کے لئے خود کو پیش کیا ہے؛

۴۔ چیئرمین کی اجازت سے اجلاس سے قبل پیش کئے گئے کمپنی کے دیگر کاروباری امور کی انجام دہی

بحکم بورڈ

تاریخ: ۰۸ اپریل ۲۰۲۶ء
کراچی

محمد ندیم راجپوت
کمپنی سیکریٹری

نوٹ:

الف) کمپنی کی حصص منتقلی کی کتابیں، ۲۳ اپریل ۲۰۲۶ء تا ۲۹ اپریل ۲۰۲۶ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ مورخہ ۲۲ اپریل ۲۰۲۶ء کو کاروبار کے اختتام پر ہمارے رجسٹرار میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر سی 32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، فیز VII، کراچی کے دفتر میں، درست طور پر حصص کی موصول منتقلیاں، اجلاس میں شرکت کی غرض سے بروقت تصور کی جائیں گی۔

ب) سالانہ اجلاس عام کی ویڈیو کانفرنس کی سہولت استعمال کرنے کے لئے ممبران کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جو کمپنی کی طرف سے دستیاب کی جائے گی۔

ج) تمام حصص کنندگان کو جن کے نام مورخہ ۲۲ اپریل ۲۰۲۶ء کو کاروبار کے اختتام پر کمپنی کی کتابوں میں موجود ہوں گے، اجتماع میں شرکت کے مقصد کیلئے "بروقت" تصور کیا جائے گا اور جو آن لائن پلیٹ فارم کے ذریعے سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے خواہشمند ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ ذیل معلومات کی فراہمی کے ذریعے جلد از جلد لیکن اجلاس سے ۴۸ گھنٹے سے زیادہ نہیں company.secretary@askarilife.com پر کمپنی سیکریٹری کے دفتر میں خود کو رجسٹر کروالیں:

| حصص کنندہ کا نام | شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر/سی ڈی سی نمبر | موبائل نمبر | ای میل |
|---|---|---|---|---|

خواہشمند حصص کنندگان سے مذکور بالا معلومات وصول ہو جانے کے بعد، کمپنی ان کو ان کے دئے گئے ای میل پتے پر لاگ ان تفصیلات بھیجے گی۔ لاگ ان کی سہولت، شرکت کنندگان کی شناخت اور تصدیق کے عمل میں آسانی کے لئے اجلاس میں دوپہر ایک بجے شریک ہونے سے قبل، اجلاس کے شروع ہونے سے آدھے گھنٹے قبل بدھ، ۲۹ اپریل ۲۰۲۶ء، ٹھیک دوپہر ایک بجے کھولی جائے گی۔

د) اجلاس میں شرکت کا اہل رکن اجلاس میں شرکت کے لئے گفت وشنید کرنے کے لئے اور ووٹ دینے کیلئے اپنی جگہ اپنے نائب (پراکسی) کے طور پر کسی فرد کا تقرر کر سکتا ہے۔ ایسے نائبین کی تقرری کی اطلاع فعال ہونے کی غرض سے، مہر شدہ، دستخط شدہ، اور گواہی شدہ، اجلاس سے کم از کم اڑتالیس گھنٹے قبل کمپنی کے ہیڈ آفس، ایمرلڈ ٹاور، دفتر نمبر 1104، گیارہواں فلور، پلاٹ جی 19، بلاک 5، کے ڈی اے امپروفمنٹ اسکیم 5، کلفٹن، کراچی میں دینا ضروری ہے۔ ایک رکن کو ایک سے زیادہ نائب مقرر کرنے کا استحقاق حاصل نہیں ہے۔

) سی ڈی سی اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ کے حامل افراد اجلاس میں شرکت کے وقت شناخت کے لئے اپنا اصل قومی شناختی کارڈ، اکاؤنٹ نمبر/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر اور سی ڈی سی میں درج شرکت کنندہ آئی ڈی نمبر فراہم کریں۔ کسی کارپوریٹ ادارے کے صورت میں، اجلاس کے وقت نامزد کردہ کے دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ پیش کیا جائے گا (الا یہ کہ یہ پہلے پیش کر دیا گیا ہو)۔

و) حصص کنندگان (غیر سی ڈی سی) سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے پتوں میں کسی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اطلاع دیں اور اگر ممکن ہو تو ای میل پتہ بھی فراہم کریں۔

برائے تقرری نائبین (پراکسیز)

- انفرادی ہونے کی صورت میں، درج بالا نوٹ (ج) میں مطلع کردہ ضرورت کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا
- پراکسی فارم پر دو گواہان کی تصدیق ہوگی جن کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج کئے جائیں گے۔
- مالکِ انتفاعی اور نائب کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کی جائیں گی۔
- نائب اجلاس کے وقت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرے گا۔
- کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، پراکسی فارم نامزد کردہ کے دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ پیش کیا جائے گا (الا یہ کہ یہ پہلے پیش کر دیا گیا ہو)۔

ہ) حصص کنندگان کے لئے خاص نوٹس:

- ماڈی حصص کی بک انٹری شکل میں منتقلی:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے، اپنے مراسلے نمبر مورخہ ۲۶ مارچ ۲۰۲۱ء کے ذریعے، تمام فہرست شدہ کمپنیوں کو ماڈی حصص بک انٹری شکل میں منتقل کرنے کے لئے ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۷۲ کی پرعمل درآمد کرنے کی ہدایت کی تھی۔ چنانچہ، کمپنی کے تمام حصص کنندگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جتنی جلد ہو سکے اپنے ماڈی حصص سرٹیفکیٹس جلد از جلد بک انٹری شکل میں منتقل کروالیں۔ بک انٹری شکل محفوظ نگہبانی اور کسی بھی پریشانی سے مبرّ ا تجارت یقینی بناتی ہے۔ کمپنی کے حصص کنندگان کسی بھی مدد کے لئے کمپنی کے شیئر رجسٹرار، ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ح) اجتماع میں حصص کنندگان کا طرز عمل:

حصص کنندگان کمپنیز ایکٹ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۲۱۵ کے مطابق عام اجتماعات میں مناسب طرز عمل قائم رکھیں گے: بشمول کوئی بھی ایسا مادہ نہ لانے کے جو شرکاء کو یا اس جگہ کو جہاں اجتماع ہو رہا ہو، کوئی خوف اور خطرہ پیش کرے؛ خود کو اجتماع کے نوٹس میں دئے گئے ایجنڈا کے نکات تک محدود رکھیں گے؛ اپنے تبصروں اور بات چیت کو کمپنی کے معاملات سے پابند رکھیں گے؛ اور کوئی سیاسی وابستگی ظاہر کرنے کے لئے کسی بھی طرز عمل سے گریز کریں گے۔

ط) کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۸۵، اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے احکامات بذریعہ ایس آر او 42(i)/2025 مورخہ ۱۷ مارچ ۲۰۲۵ء کی تعمیل میں، سالانہ اجلاس عام میں کوئی بھی تحائف، نقد رقم، کوپن/ واؤچر یا تحفے کی کوئی اور قسم تقسیم نہیں کی جائے گی۔

ی) کمپنی نے مروجہ قانونی ضروریات پر عمل درآمد کرتے ہوئے، سالانہ رپورٹ، منظور شدہ طبعی ذرائع کے ذریعہ ارسال کرنے کے، ای میل کے ذریعے ان حصص کنندگان کو الیکٹرانک طرز پر منتقل کردی ہے جن کے پتے کمپنی کے شیئر رجسٹرار، ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس کے پاس دستیاب ہیں۔

کسی بھی استفسار/معلومات کے لئے ارکان شیئر رجسٹرار سے درج ذیل پتے پر رابطہ کر سکتے ہیں:

| | |
|---|---|
| ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ | عسکری لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ |
| پلاٹ نمبر سی 32 | ایمر لڈ ٹاور، دفتر نمبر 1104، گیارہواں فلور، پلاٹ جی 19، |
| جامی کمرشل اسٹریٹ 2، | بلاک 5، کے ڈی اے امپروفمنٹ اسکیم 5، کلفٹن، کراچی |
| ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، فیز VII، | فون: 021-111-225-275 |
| کراچی | رابطہ فرد: کمپنی سیکریٹری |
| 021-111-000-322 | ای میل: company.secretary@askarilife.com |